QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 196

شہید سکندر آباد سوراب میں کیسکو اور ضلعی افسران کی زیر صدارت کھلی کچہری ناگزیر وجوہات کے باعث ملتوی
کھلی کچہری کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا: کیسکو

کوئٹہ: 06 فروری 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ڈپٹی کمشنر شہید سکندر آباد سوراب کی زیر صدارت کیسکو کے اعلیٰ افسران کی موجودگی میں سوراب میں بجلی کے مسائل کے حل کیلئے 6 فروری کو منعقدہ کھلی کچہری ناگزیر وجوہات کی بنا پر ملتوی کر دی گئی ہے۔کھلی کچہری کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ضلع شہید سکندر آباد سوراب کے صارفین کو بجلی کے درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک کھلی کچہری بروز جمعہ 6 فروری 2026 کو دوپہر 12 بجے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سوراب میں منعقد ہونی تھی جس میں کیسکو کے اعلی افسران کی شرکت متوقع تھی۔ کھلی کچہری کا بنیادی مقصد صارفین کے بجلی سے متعلق مسائل کے بروقت حل اور انکی شکایات کے بروقت ازالہ کو یقینی بنانا تھا۔تاہم ناگزیر وجوہات کے باعث کھلی کچہری کو ملتوی کیا گیا ہے جس کی نئی تاریخ کا اعلان جلد کیا جائے گا۔